# PRESS RELEASE

For immediate release
May 5, 2021

ڈیجیٹلائزیشن کے ثمرات؛ایس ای سی پی میں کمپنی رجسٹریشن میں 186 فیصد اضافہ

اسلام آباد(مئی 5) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں کمپنیوں کی کاروباری آسانیوں کی فراہمی، کمپنی رجسٹریشن کے تمام مراحل کی ڈیجیٹلائزیشن کے نتیجے میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ اپریل کے مہینے میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 186 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

اپریل میں ایس ای سی پی میں کل 2185 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو کہ گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 186 فیصد زائد ہیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد پاکستان میں کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد ایک لاکھ اکتالیس ہزار آٹھ سو انتس (141,829) ہوگئی ہے۔ اپریل کے مہینے میں 99 فیصد کمپنیوں نے آن لائن رجسٹریشن حاصل کی، جبکہ 25 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن ایک ہی دن میں مکمل ہوئی۔ اس ماہ 260 افراد نے بیرون ملک نے آن لائن سہولت کے ذریعے کمپنیاں رجسٹر کروائیں۔

اس موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان کہ عوام کو کاروبار کے لئے آسانیاں اور سہولت فراہم کرنے، اور اپنی عوام کی صحت کا خیال رکھتے ہوئے، ایس ای سی پی کے تمام ریگولیٹری مراحل کی تیزی سے ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے تاکہ عوام کو ان کے دروازے پر تمام سروسز مہیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اب آپ اپنے گھر دفتر یا بیرون ملک سے پاکستان میں کاروبار کے لئے کمپنی رجسٹر کرواسکتے ہیں جبکہ رجسٹریشن کا ڈیجیٹل سرٹیفیکیٹ آپ کی ای میل پر فراہم کر دیا جاتا ہے جس کے ساتھ آپ کا نیشنل ٹیکس نمبر بھی موموجود ہوتا ہے۔ عامر خان نے کہا کہ ایس ای سی پی کی ای سروسز کو سندھ اور پنجاب کے صوبائی محکموں کے ساتھ بھی منسلک کر دیا گیا ہے اور کمپنی رجسٹریشن کے وقت ہی، آپ صوبائی محکمے، جیسے کہ ریونیو بورڈ وغیرہ سے بھ رجسٹریشن حاصل کر سکتے ہیں۔

اپریل میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 67 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹیڈ ہیں، جبکہ 29 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل ہیں۔ دیگر 4 فیصد میں غیر منافع بخش ادارے، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنر شپ شامل ہیں۔ اس ماہ سب سے زیادہ انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 194 رہی، جبکہ ٹریڈنگ کے شعبے میں 180 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، تعمیرات میں 117، امپورٹ ایکسپورٹ میں 115 اور مشاورتی خدمات کے شعبے میں 110 کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی۔ اپریل میں 43 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ یہ سرمایہ کاری افغانستان، آسٹریلیا، چین، جرمنی، ہنگری، ایران، ساوتھ کوریا، ناروے، فیلپائن، سپین، سوئیڈن، ترکی، برطانیہ، امریکہ اور متحدہ عرب امارات کے ممالک سے کی گئی۔

اس ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 736 ہے، اس کے بعد لاہور میں 667 اور کراچی میں 378 اور پشاور میں 151 نئی کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی۔

ٹکرز:

کاروباری آسانیوں کی فراہمی، ایس ای سی پی میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 186 فیصد اضافہ

اپریل میں ایس ای سی پی میں کل 2185 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اپریل کی رجسٹریشن گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 186 فیصد زائد ہیں: ایس ای سی پی۔

پاکستان میں کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد 141,829 ہو گئی ہے۔

اپریل کے مہینے میں 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اپریل میں سب سے زیادہ انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 194 رہی

ٹریڈنگ کے شعبے میں 180، تعمیرات میں 117، امپورٹ ایکسپورٹ میں 115 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اپریل میں 43 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی: ایس ای سی پی

اسلام آباد میں 736، لاہور میں 667، کراچی میں 378 اور پشاور میں 151 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

ایس ای سی پی کے تمام ریگولیٹری مراحل کی تیزی سے ڈیجیٹلائزیشن کی جا رہی ہے: چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان

کمپنی کی رجسٹریشن کے تمام مراحل ڈیجیٹلائز کر دئے گئے ہیں: عامر خان

اپنے گھر، دفتر یا بیرون ملک سے پاکستان میں کمپنی رجسٹر کروا سکتے ہیں: عامر خان

ایس ای سی پی کی ای سروسز کو سندھ اور پنجاب کے صوبائی محکموں کے ساتھ بھی منسلک کر دیا گیا ہے: عامر خان